21764- نفلی نماز کے پیچھے فرضی نماز ادا کرنے والے کی نماز کا حکم

سوال

نفلی نماز ادا کرنے والے پیچھے فرضی نماز ادا کرنے والے کی نماز کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی کہتے
ہیں :

"اس میں حکم یہ ہے کہ نماز صحیح ہے؛
کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ نے ایک سفر میں اپنے صحابہ کرام کے ایک گروہ کو صلاۃ خوف کی دو رکعت پڑھائیں، اور پھر دوسرے گروہ کو بھی دو رکعت، تو دوسری نماز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے نفلی ہوئی.

اسی طرح بخاری اور مسلم میں معاذ رضی
اللہ تعالی عنہ سے ثابت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عشاء کی نماز ادا کرتے اور پھر جا کر اپنی جماعت کے لوگوں کو فرضی نماز پڑھاتے، جو ان کے لیے فرض اور معاذ رضی اللہ تعالی عنہ کے لیے نفل ہوتے تھے"

صحیح بخاری حدیث نمبر (701) صحیح
مسلم حدیث نمبر (465).

دیکھیں : مجموع فتاوی الشیخ عبد
العزیز بن باز (178/12).

یہ قول ہی امام شافعی رحمہ اللہ
تعالی کا مسلک، اور امام احمد رحمہ اللہ کی ایک روایت ہے، اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ اور شیخ محمد بن ابراہیم اور شیخ محمد ابن عثیمین رحمہم اللہ نے یہی اختیار کیا ہے.

دیکھیں : الشرح الممتع (385/4).

واللہ اعلم.